**24.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ضمیر رضوی

**Music**

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سرکار نوجوانوں کے واسطے بھارت اور بیرونِ بھارت نئے مواقع پیدا کرنے کیلئے کوششیں کررہی ہے۔ اُنہوں نے روزگار میلے کے تحت مختلف سرکاری محکموں اور تنظیموں میں بھرتی کئے گئے 61 ہزار سے زیادہ نوجوانوں کو تقرر نامے جاری کئے ہیں۔

☆ یوروپی کمیشن کی نائب صدر Kaja Kallas بھارت کے تین روزہ سرکاری دورے پر نئی دِلی پہنچ گئی ہیں۔ بھارت کا کہنا ہے کہ اُن کے اِس دورے سے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان کلیدی نوعیت کی ساجھے داری مزید مستحکم ہوگی۔

☆ بنگلہ دیش کی سابق وزیراعظم شیخ حسینہ نے بنگلہ دیش میں جمہوریت کی بحالی، تشدد کے خاتمے اور مذہبی اقلیتی گروپوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔

☆ ملک بھر میں آج بچیوں کا قومی دن منایا جارہا ہے۔

☆ خواتین کے پریمیر لیگ کرکٹ میں آج شام وڈودرا میں رائل چیلنجرس بنگلورو اور ڈیلی کیپٹلس کا مقابلہ ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-ROZGAR MELA**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت، نوجوانوں کیلئے بھارت اور بیرون ملک نئے مواقع پیدا کرنے کی کوششوں میں مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، کئی ملکوں کے ساتھ تجارت اور موبلٹی سے متعلق معاہدوں پر دستخط کررہا ہے، جس سے ملک کے ہنرمند نوجوانوں کیلئے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ وزیراعظم نے آج نئی دلّی میں 18 ویں قومی روزگار میلے سے

ورچوئل طریقے سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ روزگار میلہ پہل کے تحت مختلف حکومتی محکموں اور اداروں میں تقرری حاصل کرنے والے 61 ہزار سے زیادہ نوجوانوں میں تقریب کے دوران تقرری نامے تقسیم کئے گئے۔

**1400-PM Modi on World Trust**

ملک کی مضبوط معیشت کو اجاگر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ یہ دنیا کی واحد ایسی معیشت ہے، جس میں ایک دہائی کے اندر اپنی GDP کو دو گنا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سال 2014 سے پہلے کی دہائی کے مقابلے میں گزشتہ دہائی میں راست غیر ملکی سرمایہ کاری، FDI میں ڈھائی گنا سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ روزگار میلہ اب ایک نظام بن چکا ہے اور لاکھوں نوجوانوں کو مختلف حکومتی محکموں کی جانب سے پہلے ہی تقرر نامے موصول ہوچکے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج تقسیم کئے گئے تقرر نامے، ملک کی تعمیر کے دعوت نامے ہیں اور یہ نوجوانوں کو وکست بھارت کی جانب رہنمائی کررہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ سال 2026 کی شروعات بسنت پنچمی کے تہوار کے ساتھ نئی خوشیاں لائی ہے۔

**1400-PM Modi on Visksit Bharat**

**MEA KAJA KALLAS**

یوروپی کمیشن کی نائب صدر اور یوروپی یونین کی خارجی امور نیز سلامتی پالیسی کی اعلیٰ نمائندہ Kaja Kallas آج صبح اپنے پہلے سرکاری دورے پر بھارت پہنچ گئی ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ یہ دورہ بھارت- یوروپی یونین دفاعی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے کا ایک موقع ہوگا۔ انھوں نے مزید کہا کہ محترمہ Kallas کے اس دورے سے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان اعلیٰ سطح کی لگاتار مصروفیات کو رفتار ملے گی۔

یوروپی یونین کی خارجی پالیسی کی سربراہ کا یہ دورہ یوروپی کمیشن کی صدر اُرسلا فون ڈیر Leyen اور یوروپی کونسل کے صدر انتونیو کوستا کے بھارت کے دورے سے پہلے ہورہا ہے۔ اُرسلا فون ڈیر Leyen اور انتونیو کوستا دونوں رہنما پیر کو یومِ جمہوریہ تقریبات میں مہمانانِ خصوصی ہوں گے۔×

**MEA-INDIA-UK**

بھارت اور برطانیہ نے ڈبل کنٹری بیوشنز پر آج نئی دلّی میں، بھارت-برطانیہ سماجی تحفظ معاہدے پر بات چیت کی۔ وزارت خارجہ نے بتایا کہ فریقین نے باہمی طور پر فائدے مند معاہدے کو حتمی شکل دی، جس سے سماجی تحفظ کی دوہری ادائیگیوں سے بچا جاسکے گا اور دونوں ملکوں کے آجروں اور سرحدپار کے مہارت رکھنے والوں کو فائدہ پہنچے گا۔ میٹنگ میں وزارت خارجہ میں جوائنٹ سکریٹری PS گنگادھر اور UK نیشنل انشورینس پالیسی کے ڈپٹی ڈائرکٹر Edmund Hair نے 21 اور 22 جنوری کو شرکت کی۔×

**PREZ-VP-UP FOUNDATION DAY**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھاکرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے آج اترپردیش کے یوم تاسیس کے موقع پر ریاست کے لوگوں کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ مرمو نے کہا کہ عظمت رفتہ کی تاریخ اور گوناگوں ثقافت والی یہ سرزمین، بھارت کے ترقیاتی سفر کا مضبوط ستون رہی ہے۔×

**VP KARPOORI THAKUR**

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشن نے آج بھارت رتن کرپوری ٹھاکر کو ان کے یومِ پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، نائب صدر نے جناب ٹھاکر کو ایک سچا جَن نائک بتایا اور انھیں اُن کی سادگی، اتحاد اور متوسط طبقے کی ترقی کے لئے غیر متزلزل عزم کیلئے یاد کیا۔×

**HASINA-BANDGLADESH**

بنگلہ دیش کی سابق وزیراعظم شیخ حسینہ نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش کو لاقانونیت، عدم تحفظ اور اقلیتوں پر ظلم وجبر کے ساتھ ساتھ ہجوم کے تشدد اور ملک گیر سطح پر پھیلتی انتہا پسندی کا سامنا ہے۔ نئی دلّی میں کل شام میڈیا بریفنگ سے آڈیو پیغام کے ذریعہ خطاب کرتے ہوئے محترمہ حسینہ نے کہا کہ بنگلہ دیش فی الوقت ایک کھائی کے کنارے پر کھڑا ہے اور تاریخ کے انتہائی خطرناک ابواب سے گزررہا ہے۔ انہوں نے آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کیلئے جمہوریت کی بحالی، لاقانونیت اور تشدد کے خاتمے، شہری انتظامیہ کو کام کرنے کی اجازت دینے، مذہبی اقلیتی گروپوں، لڑکیوں اور سماج کے سب سے کمزور طبقات کی حفاظت کو یقینی کیلئے اقدامات کا مطالبہ کیا۔

محترمہ حسینہ نے بنگلہ دیش عوامی لیگ اور دیگر اپوزیشن جماعتوں کو دبانے کیلئے سیاسی مقاصد سے کارفرما کارروائیوں کا خاتمہ کرنے کی اپیل کی۔ انہوں نے اقوام متحدہ سے گزشتہ سال پیش آئے واقعات کی نئی اور صحیح معنوں میں غیر جانبدارانہ جانچ کا بھی مطالبہ کیا۔ انہوں نے بنگلہ دیش کے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ ہار نہ مانیں اور جمہوریت کی بحالی کی حمایت جاری رکھیں۔

**NATIONAL GIRL CHILED DAY**

آج ملک بھر میں بچیوں کا قومی دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن منانے کا مقصد اُن کے حقوق، تعلیم، صحت، تغذیہ بخش خوراک اور اُن کی فلاح و بہبود کی اہمیت کو اُجاگر کرنا ہے۔ ہر سال یہ دن 24 جنوری کو منایا جاتا ہے اور اِس کا مقصد لڑکیوں اور لڑکوں میں بھید بھاؤ ختم کرنا اور مساوی موقعوں کو فروغ دینا ہے۔

اِس موقع پر اپنے پیغام میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ لڑکیاں محض ایک ذمہ داری نہیں ہیں، بلکہ یہ

ملک کی تعمیر میں اصل طاقت اور بے پناہ قوت کی نمائندگی کرتی ہیں، کیونکہ خواتین ملک کی ترقی کی قیادت کررہی ہیں۔ جناب شاہ نے بچیوں کے قومی دن کے موقع پر ہم وطنوں کو مبارک باد پیش کی۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ رانی لکشمی بائی، رانی Velu Nachiyar، Mula Gabharu اور Pritilata Waddedar کی تحریک دینے والی مثالوں نے ہر بھارتی کے دل کو فخر سے بھر دیا ہے۔×

**RAJNATH-NCC**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے ملک کے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ اُنہیں ہر وقت تیار رہنا چاہئے، کیونکہ دنیا غیریقینی حالات سے گزر رہی ہے۔ انہوں نے نئی دِلی میں NCC کے کیڈٹوں کے یوم جمہوریہ کے کیمپ سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ وزیردفاع نے کہا کہ NCC خود اپنا روزگار کے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کام کرتی ہے۔ جناب راجناتھ سنگھ نے آپریشن سندور کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ مسلح فوجوں نے انتہائی احتیاط کے ساتھ پاکستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نیست ونابود کیا ہے۔

**S/B: Rajnath**

جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ NCC کے کیڈٹوں کی قوت 2047 تک ملک کو ترقی یافتہ بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔

**GIRIRAJ TEXTILE SECTOR**

ٹیکسٹائل کے وزیر گری راج سنگھ نے کہا ہے کہ ٹیکسٹائل کے شعبے نے گزشتہ دہائی کے دوران زبردست ترقی کا مظاہرہ کیا ہے اور یہ سال 2014 کے 8 اعشاریہ 4 لاکھ کروڑ سے بڑھ کر آج تقریباً 16 لاکھ کروڑ روپے ہوگیا ہے۔ نئی دلّی میں کل 74 ویں انڈیا انٹرنیشنل گارمینٹ فیئر-IIGF-2026 کا افتتاح کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ سال 2025 میں گھریلو بازار بھی 6 لاکھ کروڑ روپے سے بڑھ کر 13 لاکھ کروڑ روپے ہوگیا ہے، جبکہ ملک کی برآمدات میں بھی عالمی وبا کے بعد 25 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے۔ x

**HP-SNOWFALL**

ہماچل پردیش میں شدید برفباری سے روز مرہ کی زندگی میں بڑے پیمانے پر رخنہ پڑا، جس سے ٹریفک کی آمد ورفت متاثر ہوئی ہے اور پینے کے پانی کی قلت پیدا ہوگئی ہے۔ شملہ میں کل رات سے برفباری کی وجہ سے اونچے علاقوں میں تازہ برفباری ہوئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے شدید برفباری، بارش اور تیز ہواؤں سے متعلق Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔ پہاڑی خطوں میں برفباری کی وجہ سے ٹریفک کی آمد ورفت پوری طرح ٹھپ ہوگئی۔ اس کے نتیجے میں ISBT شملہ سے بس خدمات

پوری طرح معطل کردی گئی ہیں اور بسیں ہیرانگر کی جانب لوٹائی جارہی ہیں۔

اس دوران منالی اور اُس کے قریبی علاقوں میں آج صبح سے برفباری کی شدت میں اضافہ ہوگیا ہے۔ منالی مال روڈ پر تقریباً ایک فٹ برف جمی ہے، جس سے سیاحتی سرگرمیاں ٹھپ ہوگئی ہیں۔ محکمہ موسمیات نے آج اور کل کیلئے خراب موسم کی پیشگوئی کرتے ہوئے سرد لہر سے متعلق الرٹ جاری کیا ہے۔×

**WEF SKILL ACCELERATOR**

عالمی اقتصادی فورم نے کہا ہے کہ بھارت میں ایک نئے Skill Acceleratora نے 45 ملکوں کے Acceleratora کے عالمی نیٹ ورک کو مضبوط کیا ہے، جس نے اجتماعی طور پر تقریباً 15 ملین لوگوں کی مدد کی ہے۔ سوئزرلینڈ کے داوس - Klosters میں اپنی 56 ویں سالانہ میٹنگ کے اختتام پر عالمی اقتصادی فورم نے یہ اعلان کیا کہ بھارتی Acceleratora مساوی مہارت میں پیش آنے والی رکاوٹوں کو دور کرنے پر توجہ مرکوز کرے گا۔

افرادی قوت کی مہارت کی ترقی میں بڑے عالمی عزائم میں سرمایہ کاری کا اعلان کرتے ہوئے فورم نے کہا کہ Acceleratora حکومت، کاروباروں اور سول سوسائٹی کو ایک ساتھ لاتے ہیں۔ تاکہ روزگار، مہارتوں کی ترقی اور جامع اقتصادی نمو پر ملک کی خصوصی کارروائی میں عالمی بصیرت کو شامل کیا جا سکے۔×

**CRICKET-WPL**

خواتین کے پریمیر لیگ کرکٹ میں آج شام وڈودرا میں رائل چیلنجرس بنگلورو اور ڈیلی کیپٹلس کا مقابلہ ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے رائل چیلنجرس بنگلورو اور ڈیلی کیپٹلس کے درمیان کھیلا جائے گا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆